# سوال

کیا بارش کی وجہ سے دو نمازے ایک ساتھ پڑنا جایز ہیں ؟

# جواب

بارش میں نمازوں کو جمع کرنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا بارش کی وجہ سے دو نمازوں کو جمع کرنا جائز ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! بارش میں دو نمازوں کو جمع کرنا جائز ہے ۔ سیدنا ابن عباس فرماتے ہیں ۔ : أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم : جمع فی المدینۃ من غیر خوف ولا مطر ( مسلم : 705) نبی کریم نے بارش اور خوف کے بغیر مدینہ میں نمازوں کو جمع فرمایا امام ابن تیمیہ فرماتے ہیں ہذا الکلام یدل علی أن الجمع لہذہ الأمور أولی کہ جب ان امور کے بغیر جمع جائز ہے تو ان امور کے ساتھ بالاولی جائز ہوگی ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی